﴾---شاندار نیلام عام---﴿

ٹھیکہ برائے نیلامی SMDs / LEDs چارجز (مدت میعاد برائے 05 سال)

کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد اپنی حدود واقع مین مانسرہ روڈ پر موجود بقیہ 93 کھمبوں، مری روڈ سے دھوبی گھاٹ چوک تک 15 کھمبوں، چاکہ پلازہ سے ہل چوک تک 15 کھمبوں اور پھول گلاب روڈ سے آفیسر کالونی ایبٹ آباد تک 19 کھمبے جن پر SMDs / LEDs لگائے جاسکیں مذکورہ کھمبے فی الحال نیلامی کیلئے دستیاب ہیں۔ کینٹونمنٹ بورڈ مذکورہ نیلام عام ٹھیکہ پر دینے کا خواہشمند ہے۔ لہذا خواہشمند حضرات مورخہ 2026/ 12/ 14 بوقت دن 11 بجے دفتر ہذا میں حاضر ہوکر نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی کا عمل تاریخ مقررہ پر پورا نہ ہوسکا تو دوبارہ نیلامی مورخہ 2026/ 12/ 15 جبکہ سہ بارہ مورخہ 2025/ 12/ 16 کو ہوگی۔

شرائط:

(1) ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

(1)۔ بولی شروع ہونے سے پیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ -/10,00,000 (دس لاکھ روپے) بشکل کال ڈیپازٹ ہمراہ نقل شناختی کارڈ بطور زر بیعانہ بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ایبٹ آباد جمع کرانے ہونگے۔ اور اگر کسی دوسرے کے لئے نیلامی میں حصہ لے گا تو وہ اس کی طرف سے مختیار نامہ یا اتھارٹی لیٹر مہیا کرے گا۔

(2)۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 1/4 حصہ بولی کے اختتام پر فوراً جمع کرانا ہوگا۔ بصورت عدم ادائیگی پہلے سے ادا شدہ رقم بشکل کال ڈیپازٹ ضبط کرلی جاے گی۔

(3)۔ اختتام بولی پر زر ضمانت / کال ڈیپازٹ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ سب کو واپس کردیئے جائیں گے۔

(4)۔ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو کال ڈیپازٹ اس وقت تک واپس نہیں کیا جائے گا، جب تک کامیاب بولی دہندہ کی بورڈ / مجاز اتھارٹی سے منظوری نہ ہوجاے۔

(5)۔ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کا نادہندہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

(6)۔ کامیاب بولی دہندہ ماہانہ اقساط 05 تاریخ سے پہلے جمع کرائے گا اور اپنے خرچہ پر بورڈ کے ساتھ تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

(7)۔ انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا

(8)۔ کامیاب بولی دہندہ حتمی منظوری کے بعد SMDs/LEDs اپنے خرچے پر لگانے کا پابندی ہوگا، اور بجلی وغیرہ کے تمام اخراجات کامیاب بولی دہندہ کے ذمہ ہوں گے۔

(9)۔ کامیاب بولی دہندہ کو SMDs/LEDs سے متعلق پاکستان انجینئرنگ کونسل سے رجسٹر شدہ فرم کا SMDs/LEDs Structure Stability Certificate کو انسٹلیشن کے بعد مہیا کرنا ہوگا۔

(10)۔ کامیاب بولی دہندہ کو ایسی کسی بھی Publicity کی اجازت نہ ہوگی، جو کہ اسلامی اصولوں، پاکستانی قانون اور لوکل کلچر سے متصادم ہو۔

(11)۔ مشتہر 23 مارچ، 14 اگست، 06 ستمبر، عید الاضحیٰ اور قومی بین الاقوامی اہمیت کے دیگر تقریبات کے موقع پر جب بھی بورڈ / سی ای او کی طرف سے چاہیں قومی ویڈیوز دیکھائے گے۔ اور اس سلسلے میں مشتہر کو کوئی ادائیگی / چھوٹ نہیں دی جاے گی۔

(12)۔ کینٹ بورڈ کی منظوری لے کر کامیاب بولی دہندہ کو 05 سال ٹھیکے کی میعاد ختم ہونے پر دوبارہ ٹھیکے کی منظوری دے سکتا ہے یا دوبارہ نیلامی بھی کی جاسکتی ہے۔

(13)۔ ٹھیکے کی مدت پوری ہونے کے بعد ٹھیکیدار تمام اسٹرکچر اپنے خرچہ پر ہٹانے کا پابند ہوگا اور دوران ٹھیکہ SMDs/LEDs، سٹرکچر کو کسی بھی قسم کے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

(14)۔ کینٹونمنٹ بورڈ / ایگزیکٹو آفیسر اس چیز کا مجاز ہوگا کہ وہ وجہ بتا کر کوئی بھی بولی مسترد کردے۔

(15)۔ قسط بروقت نہ جمع کرانے پر مبلغ -/1000 روپے یومیہ سرچارج SMDs/LEDs بھی ادا کرنا ہوگا۔

(16)۔ ٹھیکیدار / کامیاب بولی دہندہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے منظور شدہ چارجز کے مطابق وصولی کا مجاز ہوگا۔

(17) کامیاب بولی میں سالانہ 10% کے حساب سے اضافہ ہوگا۔

(18) بولی تمام بورڈز یا فی بورڈ کے حساب سے منعقد کی جاے گی۔

(19) دیگر شرائط وضوابط دوران اوقات کار دفتر کینٹونمنٹ بورڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر:

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ایبٹ آباد چھاؤنی